# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 28 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۸/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ دہشت پسندی کے خلاف لڑائی میں 140 کروڑ بھارتیوں کا اتحاد ہی ملک کی سب سے بڑی طاقت ہے۔''من کی بات'' میں وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ کینسر کی تشخیص اور علاج حکومت کی ترجیح: مرکزی وزیرِ صحت کا عندیہ۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے سرکاری کینسر اسپتال میں ''ٹُروبیم یونٹ'' کا افتتاح۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میں کنونشن سینٹر اور''الیکٹرک وہیکل کلسٹر'' کیلئے ضروری اراضی دستیاب ہوگی: وزیرِ اعلیٰ کا تیقن۔

☆ ریاستی حکومت کی جانب سے آج حقِ خدمات دِن کا انعقاد؛ تمام سطحوں پر مختلف محکموں کی سال بھر کی کارکردگی کا جائزہ۔

اور۔۔۔☆ ناندیڑ ضلع کا درجۂ حرارت 43 ڈگری سے تجاوز؛ پربھنی اور ہنگولی کیلئے آج گرمی سے متعلق یلو الرٹ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دہشت پسندی کے خلاف لڑائی میں ملک کی عوام کا اتحاد ہی سب سے بڑی طاقت ہے۔ وہ کل' آکاشوانی کے ''من کی بات'' پروگرام میں گفتگو کررہے تھے۔ اس سلسلے کا 121 واں پروگرام کل نشر کیا گیا۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ پہلگام حملے میں انتہاء پسندوں کی حمایت کرنے والوں کی بوکھلاہٹ اور بزدلی کا اظہار ہوتا ہے۔

**BYTE: PM NARENDRA MODI**

اِسرو کے سابق سربراہ ڈاکٹر کے کستوری رنگن کے انتقال پر صدمے کا اظہار کرتے ہوئے وزیرِ اعظم نے کہا کہ سائنس' تعلیم اور ہندوستانی خلائی پروگرام کو نئی بلندیوں پر پہنچانے میں ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

اسی ماہ آریہ بھٹ سیٹیلائٹ کو داغے جانے کے 50 برس مکمل ہونے کا تذکرہ کرتے ہوئے وزیرِ اعظم نے کہا کہ آج بھارت خلائی شعبے میں عالمی سطح پر اپنی منفرد شناخت بنا چکا ہے۔ میانمار میں آئے زلزلے کے بعد کیے گئے راحتی آپریشن برہما' بھارت کی جانب سے دیگر ممالک کو دی جانے والی طبّی امداد' نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھاریٹی کے تیار کردہ ''سچیت ایپ''، ایک پیڑ ماں کے نام اور دیگر موضوعات پر نریندر مودی نے اظہارِ خیال کیا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ صحت جے پی نڈا نے کہا ہے کہ ملک میں بڑے پیمانے پر علاج و معالجے کی سہولت فراہم کرنے پر زور دیا جارہا ہے اور اس برس کینسر کے علاج پر اضافی توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے سرکاری کینسر اسپتال میں سرطان کے علاج کیلئے جدید ترین مشینری ''ٹروبیم یونٹ'' اور کینسر انسٹیٹیوٹ کے توسیع شدہ حصے کا افتتاح کل نڈا اور وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ ''ٹروبیم لینیر ایکسلریٹر'' ایک عالمی معیار کی جدید ترین ٹیکنالوجی ہے، جو درست اختراعی اور جدید تابکاری کے طرزِ علاج میں معاون ہوتی ہے۔ اس کے ذریعے بالخصوص مراٹھواڑہ، ودربھ، خاندیش اور مغربی مہاراشٹر کے کم و بیش 14 اضلاع کے ضرورتمند مریضوں کا علاج ممکن ہوسکے گا۔ نڈا نے مزید کہا کہ مرکزی حکومت کینسر کے علاج کے مسئلے کو سنجیدگی سے لے رہی ہے اور عام لوگوں کی سہولت کیلئے کئی فیصلے کیے گئے ہیں۔

**BYTE: HEALTH MINSTER J.P. NADDA**

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اس موقع پر کہا کہ محکمۂ صحتِ عامہ اور طبّی تعلیم کے محکمے کے اشتراک سے آئندہ تین تا چار برسوں میں تین سطحی نظام قائم کیا جائے گا، جس کے ذریعے ہر شخص کو معیاری طبّی خدمات اس کی رہائش گاہ سے تین تا پانچ کلومیٹر کے علاقے میں ہی فراہم کرنے کیلئے نیا ماڈل تیار کیا جارہا ہے۔ وزیرِ محصول چندر شیکھر باون کڑے، طبّی تعلیم کے وزیر حسن مشرف، دیگر پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر اتل ساوے، قانون ساز کونسل میں قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے، راجیہ سبھا کے رُکن ڈاکٹر بھاگوت کراڑ اور دیگر اہم شخصیات اس موقع پر موجود تھیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ایم آئی ٹی کالج میں وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں سی ایم آئی اے صنعتی ایوارڈز کی تقسیم عمل میں آئی۔ اس موقع پر انھوں نے اعلان کیا کہ صنعتی ترقی کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر میں مکمل سہولیات سے لیس اور وسیع و معقول اراضی پر صنعتی نمائش اور سہولیاتی مرکز تعمیر کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ شیندرا اور بڑکن کو باہم جوڑنے والا رِنگ روڈ تعمیر کیا جائے گا اور الیکٹرک گاڑیوں کے کلسٹر کیلئے پانچ ایکڑ زمین دینے کا بھی پھڑنویس نے اعلان کیا۔ مراٹھواڑہ کو خشک سالی سے نجات دلانے کیلئے مغربی سمت بہنے والی ندیوں کا سمندر میں بہہ جانے والا پانی گوداوری ندی میں شامل کرنے کا منصوبہ بھی حکومت مکمل کرے گی اور اس منصوبے کے ذریعے مراٹھواڑہ کا قحط کا مسئلہ مستقل طور پر حل ہوجائے گا۔

اسی دوران پونا میں کل اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ مہاراشٹر میں مقیم پاکستانی شہریوں میں سے کوئی بھی لاپتہ نہیں ہے اور ان تمام کو ملک بدر کرنے کی کارروائی جاری ہے۔ محکمۂ داخلہ کے اعداد و شمار کے مطابق ریاست کے کُل 48 شہروں میں پانچ ہزار 23 پاکستانی شہری رہائش پذیر ہیں۔ ان تمام کو بہت جلد ملک سے باہر نکال دیا جائے گا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ہندوستانی خلائی تحقیقاتی ادارے ''اِسرو'' کے سابق سربراہ کے کستوری رنگن کی آخری رسومات کل بنگلورو میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئیں۔ کے کستوری رنگن 25 اپریل کو چل بسے تھے۔ وہ 84 برس کے تھے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کی جانب سے آج ''حقِ خدمات دن'' منایا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں تمام اضلاع کے صدر دفاتر پر ضلع کلکٹر، رابطہ وزراء، ارکانِ پارلیمان، ارکانِ اسمبلی اور مختلف محکموں کے افسران کو مدعو کرکے گذشتہ برس کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔ مہاراشٹر لوک سیوا حق قانون 2015 پر عمل درآمد کی ایک دہائی مکمل ہونے اور پہلے حقِ خدمات دن کے سلسلے میں ریاستی سطح کا سرکاری پروگرام آج ممبئی میں وزیرِ اعلیٰ کی موجودگی میں منعقد ہوگا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی مجلس عاملہ نے کہا ہے کہ اسکولی تعلیم کے جماعتِ اوّل سے ہندی زبان کو لازمی قرار دینے کے فیصلے کو ریاستی حکومت نے معطل کردیا ہے۔ تاہم، مراٹھی زبان کے وجود کو خطرے میں ڈالنے والے اس فیصلے کو مکمل طور پر منسوخ کرنے اور اس میں کوئی بھی سیاسی چالاکی نہ کرنے کا مطالبہ ساہتیہ پریشد نے کیا۔ ریاستی حکومت کے اس فیصلے پر غور و خوض کیلئے مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی ایگزیکیٹو کمیٹی کا ایک اجلاس کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں منعقد کیا گیا۔ جس میں فیصلہ کیا گیا کہ ریاستی حکومت کا یہ فیصلہ مکمل طور پر رد کرنے کیلئے ساہتیہ پریشد قیادت کرے گی۔

***** ***** *****

دھاراشیو تحصیل دفتر کے کیو آر کوڈ، ای لائبریری اور ویب سائٹ کا افتتاح حال ہی میں ڈپٹی کلکٹر شوبھا جادھو کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس سلسلے میں شوبھا جادھو نے کہا ہے کہ ای گورننس کے نکتۂ نظر سے وزیرِ اعلیٰ سو روزہ ایکشن پلان کے تحت اٹھایا گیا یہ ایک نہایت اہم قدم ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں درجۂ حرارت 43 ڈگری سے تجاوز کر گیا ہے اور پانی کی سطح تیزی سے کم ہو رہی ہے۔ اس لیے پانی کا استعمال کفایت شعاری سے کرنے کی اپیل ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے نے کی ہے۔

اس y دوران کل ریاست میں سب سے زیادہ درجۂ حرارت 44 اعشاریہ دو ڈگری سیلسیئس پربھنی میں ریکارڈ کیا گیا۔ ناندیڑ میں اوسطاً 43، اور چھترپتی سمبھا جی نگر میں درجۂ حرارت 38 اعشاریہ دو ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ محکمۂ موسمیات نے آج پربھنی اور ہنگولی اضلاع میں گرمی کی شدت کیلئے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دہشت پسندی کے خلاف لڑائی میں 140 کروڑ بھارتیوں کا اتحاد ہی ملک کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ ''من کی بات'' میں وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ کینسر کی تشخیص اور علاج حکومت کی ترجیح: مرکزی وزیرِ صحت کا عندیہ۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے سرکاری کینسر اسپتال میں ''ٹُرو بیم یونٹ'' کا افتتاح۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میں کنونشن سینٹر اور ''الیکٹرک وہیکل کلسٹر'' کیلئے ضروری اراضی دستیاب ہوگی: وزیرِ اعلیٰ کا تیقن۔

☆ ریاستی حکومت کی جانب سے آج حقِ خدمات دِن کا انعقاد؛ تمام سطحوں پر مختلف محکموں کی سال بھر کی کارکردگی کا جائزہ۔

اور۔۔۔☆ ناندیڑ ضلع کا درجۂ حرارت 43 ڈگری سے تجاوز؛ پربھنی اور ہنگولی کیلئے آج گرمی سے متعلق یلو الرٹ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****